# جولائی 1

''یہ شریعت نہیں بلکہ روح ہے جس سے ہم خود کو اور دوسروں کو باندھتے ہیں۔''

شریعت ملامت کرتی، اعتراض کرتی، رَد کرتی اور مار ڈالتی ہے جب کہ روح اپناتی، بحال کرتی، حوصلہ افزائی کرتی اور زندگی دیتی ہے۔ شریعت عدالت کا مطالبہ کرتی ہے جب کہ رحم ہمیں گناہ کی مزدوری اور سزا سے آزاد کرتا ہے۔ جب ہم اپنی عدالت شریعت کے مطابق کرتے ہیں تو ہم اکثر سخت ہو جاتے اور اپنے آپ کو پولیس، قاضی، فیصلہ دینے والی کمیٹی، داروغہ یا سزا دینے والا سمجھ بیٹھتے ہیں۔ شریعت تقسیم کر دیتی ہے۔

خدا کا رُوح رحم کا رُوح ہے اور خدا کے فرزند ہونے کے ناتے ہم اپنے آپ کو شریعت سے نہیں بلکہ خدا کے ارادے سے باندھتے ہیں۔۔۔ اور خدا کبھی نہیں چاہتا کہ اُس کے بچے اُس سے اور اُس کے فرزندوں سے دُور ہوں۔ رحم کیجئے !

آج کی دعا: باپ! مجھے معاف کر جہاں جہاں مَیں نے اعتراض، سخت دلی، عدالتی یا ملامتی رَویہ دِکھایا ہے۔ مجھے اپنا رحم دِکھا اور مجھے سکھا کہ کیسے اپنے اور دوسروں کے لئے رحم دِل بن سکوں۔ میری مدد کر کہ مَیں رُوح کی شریعت کو سمجھ سکوں نہ کہ صرف شریعت کو۔

آج کی آیات:

2- کرنتھیوں 6:3

'' جس نے ہم کو نئے عہد کے خادم ہونے کے لائق بھی کیا۔ لفظوں کے خادِم نہیں بلکہ رُوح کے کیونکہ لفظ مار ڈالتے ہیں مگر رُوح زندہ کرتی ہے۔''

رومیوں 8:1-2

''پس اب جو مسیح یسوع میں ہیں اُن پر سزا کا حکم نہیں۔ کیونکہ زندگی کے رُوح کی شریعت نے مسیح یسوع میں مجھے گناہ اور موت کی شریعت سے آزاد کر دیا۔''

# جولائی 2

'' تبدیل نہ ہونے کی رضامندی ہمارے وجود اور حالت پر مُہر کر دیتی ہے۔''

ہماری خدا کے رحم تک رَسائی ہے، اِس کا ہرگز یہ مطلب نہیں کہ جہاں ضرورت ہو ہم وہاں بھی تبدیل نہ ہوں۔ ایک ایسی زندگی جسے خدا کا کلام چیلنج نہ کر سکے غیر اصلاح یافتہ زندگی رہ جاتی ہے اور ایک غیر اصلاح یافتہ زندگی تبدیل نہیں ہوسکتی۔ بے شک آپ خدا کی مرضی کو جانتے ہوں کہ وہ آپ کو معاف کر دے گا تو بھی اپنی زندگی کا خدا کے کلام کے مطابق جائزہ لیں اور تبدیل نہ ہونے کی رضامندی نہ دِکھائیں۔

یاد رکھئے بے ضبط ہونا اور چیلنج نہ کیا جانا ہم پر مُہر کر دیتا ہے۔ یہ نہ سوچیں کہ آپ کامل ہو چکے ہیں۔ کمہار کے ہاتھ میں مٹی کی طرح بن جائیں اور تبدیل ہونے میں سُستی نہ دِکھائیں۔ دوسروں کے لئے رحم دلی اور تبدیل ہونے کے لئے رضامندی دِکھائیں۔

آج کی دعا: پیارے خداوند! مجھ حکمت دے کہ مَیں اپنے آپ کا اور زندگی کی اُن جگہوں کا جہاں مجھے تجھ جیسا بننے کی ضرورت ہے جائزہ لے سکوں۔ مَیں اپنے خیالات، اِلفاظ اور اعمال تبدیل کرنا چاہتا ہوں تا کہ تجھے خوش کر سکوں۔ آج مَیں مزید یسوع جیسا بننا چاہتا ہوں۔

آج کی آیات:

2- کرنتھیوں 5:13

'' تم اپنے آپ کو آزماؤ کہ اِیمان پر ہو یا نہیں۔ اپنے آپ کو جانچو۔ کیا تم اپنی بابت یہ نہیں جانتے کہ یسوع مسیح تم میں ہے؟ ورنہ تم نامقبول ہو۔''

زبور 2:26

'' اَے خداوند! مجھے جانچ اور آزما۔ میرے دل و دماغ کو پرکھ۔''

# جولائی 3

''وہ دُعا جو آدمی کے دل سے نکلتی ہے خدا کے دل تک پہنچتی ہے۔''

بائبل سکھاتی ہے کہ دُعا کی سمت خدا کی طرف ہوتی ہے نہ کہ کسی اَور طرف۔دُعا عام طور پر یسوع کے نام میں خدا کی طرف کی جاتی ہے جو کہ اُس کے کلام، رستوں اور ظاہرشدہ مرضی کی سمت میں ہوتی ہے۔ دُعا کی سمت درست نہ ہونے کا نتیجہ یہ ہوتا ہے کہ دُعاؤں کا جواب نہیں ملتا جیسا کہ یعقوب 3:4 میں بتایا گیا ہے۔

جب ہم دُعا کرتے ہیں تو ہماری توجہ اِس بات پر ہونی چاہیئے کہ خدا ہماری دُعاؤں کوسُن رہا ہے نہ کہ کوئی اَور۔ دوسرے الفاظ میں ہمیں دُعا کا وقت منادی، حوصلہ افزائی یا نصیحت کے لئے استعمال نہیں کرنا چاہیئے جیسے کہ لوگ اِس مقدس لمحے میں ہمیں سُن رہے ہوں۔وہ دُعا جو آدمی کے دل سے نکلتی ہے خدا کے دل تک پہنچتی ہے۔

آج کی دعا: خداوند خدا! مجھے یسوع نام میں موثر دُعا کرنا سکھا۔آمین۔

آج کی آیات:

یوحنا 16:23-24

'' اُس دِن تم مجھ سے کچھ نہ پوچھو گے۔مَیں تم سے سچ کہتا ہوں کہ اگر باپ سے کچھ مانگو گے تو وہ میرے نام سے تم کو دے گا۔ اب تک تم نے میرے نام سے کچھ نہیں مانگا۔ مانگو تو پاؤ گے تا کہ تمہاری خوشی پوری ہو جائے۔''

یعقوب 4:2-3

'' تم خواہش کرتے ہو اور تمہیں نہیں ملتا۔خون اور حسد کرتے ہو اور کچھ حاصل نہیں کر سکتے۔تم جھگڑتے اور لڑتے ہو۔تمہیں اِس لئے نہیں ملتا کہ مانگتے نہیں۔تم مانگتے ہو اور پاتے نہیں اِس لئے کہ بُری نیت سے مانگتے ہو تا کہ اپنی عیش وعشرت میں خرچ کرو۔''

یوحنا 16:15

'' تم نے مجھے نہیں چنا بلکہ مَیں نے تمہیں چُن لیا اور تم کو مقرر کیا کہ جا کر پھل لاؤ اور تمہارا پھل قائم رہے تا کہ میرے نام سے جو کچھ باپ سے مانگو وہ تم کو دے۔''

# 4 جولائی

''آزادی کا دن وہی ہے جس دن آپ آزاد ہونے کا فیصلہ کر لیں۔''

جس طرح 14 اگست پاکستانی قوم کا یومِ آزادی ہے اُسی طرح ہر سال امریکہ میں آزادی کا دن 4 جولائی کو 1776ء کی آزادی کی خوشی میں منایا جاتا ہے۔ آزادی منانے کے اِس دن کا کسی صورت اُس انقلابی جنگ اور برطانوی فوج کے واپس جانے سے تعلق نہیں۔ یہ 1790ء تک نہیں ہوا تھا جب برطانوی فوج آخر کار نیویارک چھوڑ گئی۔ وہ تاریخ جس دن ہم کچھ مناتے ہیں وہ صرف ہماری آزادی کی قرارداد میں اُس موقعے کو ظاہر کرتی ہے۔

آزادی کا دن وہی ہے جس دن آپ آزاد ہونے کا فیصلہ کر لیں اور آزادی اعلان سے شروع ہوتی ہے۔ آج ہی خود کو آزاد قرار دیں اور مزید قیدی بنے رہنے سے انکار کریں۔ گناہ، بیماری، پریشانی، غربت اور شکست کا آپ کی زندگی پر کوئی حتمی اِختیار نہیں۔ جیسے ہی آپ آزادی کے دن کا نیا آغاز کریں گے، آپ کے اعلان سے ظلم کا غلبہ ٹوٹ سکتا ہے۔ ہو سکتا ہے کہ آپ کی مشکلات فوری ختم نہ ہوں، لیکن آپ آزادی اور رہائی میں نئے مقام پر آ کے لڑ سکیں گے۔ اپنی مارچ کا ابھی آغاز کریں۔

آج کی دعا: خداوند! مَیں آج ہی گناہ، بیماری، پریشانی، غربت، شکست، فکر، ظلم، خوف، دہشت، ہلچل اور ابلیس کے ہر خیال کو اپنی زندگی کے اُوپر سے یسوع کے نام میں دُور کرتا ہوں۔ مَیں بادشاہوں کے بادشاہ اور خداوندوں کے خدا کا ہوں۔ یسوع اُس کا نام ہے اور مَیں کسی قسم کی قید، حاکم، اعتراض یا کنٹرول کے نیچے نہیں آؤں گا۔ اب رہی میری اور میرے گھرانے کی بات، ہم تو خدا ہی کی پرستش کریں گے۔ اور اِسی لئے مَیں نے منہ سنگِ خارا کی مانند بنایا (یسعیاہ 7:50) اور مَیں جانتا ہوں کہ مَیں شرمندہ نہیں ہوں گا کیونکہ خداوند میرے ساتھ ہے۔ اور جب خداوند ہی میرے ساتھ ہے تو کون میرا مخالف ہو سکتا ہے؟ مَیں یسوع نام میں آزاد ہوں۔ ہاں! آمین۔

آج کی آیات:

ایوب 28:22 ''جس بات کو تُو کہے گا وہ تیرے لئے ہو جائے گی اور وہ تیری راہوں کو روشن کرے گا۔''

یشوع 15:24 ''اور اگر خداوند کی پرستش تم کو بُری معلوم ہوتی ہو تو آج ہی تم اُسے جس کی پرستش کرو گے چُن لو۔ خواہ وہ وہی دیوتا ہوں جن کی پرستش تمہارے باپ دادا بڑے دریا کے اُس پار کرتے تھے یا اموریوں کے دیوتا ہوں جن کے ملک میں تم بسے ہو۔ اب رہی میری اور میرے گھرانے کی بات سو ہم تو خداوند کی پرستش کریں گے۔''

رومیوں 37:8

''مگر اُن سب حالتوں میں اُس کے وسیلہ سے جس نے ہم سے محبت کی ہم کو فتح سے بھی بڑھ کر غلبہ حاصل ہوتا ہے۔''

# جولائی 5

''ضرورت سے زیادہ رَدِعمل دکھانا ہمارے تبدیل ہونے میں ایک نا پختہ کوشش سے زیادہ کچھ نہیں۔''

کیا آپ نے ایک بچے کو پہلی بار گاڑی چلاتے ہوئے دیکھا ہے؟ اُن کے لئے بہت مشکل ہوتا ہے کہ وہ سڑک پر اور کھڈوں سے باہر رہ سکیں۔ جیسے ہی گاڑی بھٹکنا شروع کرتی ہے، اکثر تباہی سے پہلے، وہ فوراً اپنا رستہ تبدیل کرتے ہیں جو کہ سیدھا اُنہیں ایک اَور تباہی کی طرف لے جاتا ہے۔ ایسا لگتا ہے کہ اُن کی توجہ محفوظ رستے پر رہنے سے زیادہ تباہی سے بچنے پر ہے۔ اُس بچے جیسا طرزِعمل ہمیں نئ مشکل سے دو چار کرتا ہے اور اِسے ضرورت سے زیادہ رَدِعمل دکھانا کہتے ہیں۔

ضرورت سے زیادہ ردِعمل دِکھانا اکثر ہمیں ایک مشکل سے نکال کر دوسری مشکل میں داخل کر دیتا ہے۔ جب تبدیلی کی ضرورت ہو تو یہ ضروری ہے کہ چھوٹی چیزیں پہلے ٹھیک کی جائیں اورخیال رکھا جائے کہ یہ اِصلاح ہمیں کس سمت میں لے کر جائے گی۔

آج کی دعا: پیارے خداوند! مجھے حکمت اور دُور تک دیکھنے والی نگاہ عطا کر دے تاکہ مَیں اپنی زندگی کے رستوں کو کسی اَور مشکل میں پھنسے بغیر ٹھیک کر سکوں۔ میری مدد کر کہ مَیں رستوں کو دُور تک دیکھ سکوں نہ کہ صرف وقتی لمحے کو۔ آمین۔

آج کی آیات:

اَمثال 25:16

''ایسی راہ بھی ہے جو انسان کو سیدھی معلوم ہوتی ہے پر اُس کی اِنتہا میں موت کی راہیں ہیں۔''

اَمثال 29:11

''جو اپنے گھرانے کو دُکھ دیتا ہے ہوا کا وارث ہو گا اور احمق دانا دل کا خادم بنے گا۔''

# جولائی 6

''جب ہم پیچھے چلنا سیکھتے ہیں تب ہی ہم رہنمائی کرنے کے لائق ہوتے ہیں۔''

زندگی کے تمام مسائل میں رہنما جنم لیتے ہیں۔ رہنما اپنے اُس کام کی وجہ سے جانے جاتے ہیں جو وہ دوسروں کی رہنمائی میں کرتے ہیں۔ پیچھے چلنے کے وقت کا فیصلہ خدا کرتا ہے تا کہ ہمیں سیکھنے کا وقت اور موقع دے سکے۔ چاہے ایک چھوٹا لڑکا اپنے باپ کے پیچھے چل رہا ہو یا ایک چھوٹی لڑکی اپنی ماں کے پیچھے چل رہی ہو، دونوں ہی ماں باپ، میاں بیوی اور معاشرے کے پھل دار رُکن بننے کی کوشش کر رہے ہیں۔ اگر وہ پیچھے چلنے میں ناکام ہو جائیں تو اِس بات کا امکان ہے کہ وہ مستقبل میں رہنمائی کرنے میں بھی ناکام ہوں گے۔

زندگی کے دوسرے شعبے بھی اِسی طرح ہیں۔ وہ جو کاروبار کرنا چاہتے ہیں پہلے مددگار بنتے اور قابل افسران کی شاگردی کرتے ہیں۔ جیسے جیسے وہ اپنے رہنما کی بات مانتے اور اُن کی نگرانی میں چلتے ہیں وہ رہنمائی کرنے کے لائق ہو جاتے ہیں۔ مسیحیت اور بادشاہت کی خدمت اِس سے مختلف نہیں۔ پیچھے چلنا سیکھیں اور جب خدا موقع دے، رہنمائی کریں۔

آج کی دعا: پیارے خداوند! میری مدد کر کہ مَیں وہ سب کچھ جمع کر سکوں جو مجھے پیچھے چلنے کے لئے چاہئے۔ جیسے جیسے مَیں دوسروں سے سیکھتا اور اپنی عظیم بُلاہٹ کی طرف بڑھتا ہوں مجھے فضل دے کہ مَیں قناعت کر سکوں۔

آج کی آیات:

فلپیوں 3:14

'' نشان کی طرف دوڑا ہوا جاتا ہوں تا کہ اُس انعام کو حاصل کروں جس کے لئے خدا نے مجھے مسیح یسوع میں اُوپر بلایا ہے۔''

عبرانیوں 13:7

'' جو تمہارے پیشوا تھے اور جنہوں نے تمہیں خدا کا کلام سنایا اُنہیں یاد رکھو اور اُن کی زندگی کے انجام پر غور کر کے اُن جیسے ایماندار ہو جاؤ۔''

عبرانیوں 6:12

'' تا کہ تم سُست نہ ہو جاؤ بلکہ اُن کی مانند بنو جو ایمان اور تحمل کے باعث وعدوں کے وارث ہوتے ہیں۔''

# جولائی 7

''کسی چیز کے خلاف ہونا، کسی چیز کے ساتھ ہونے کے برابر نہیں۔''

گلتیوں 5 باب میں رُوح کے پھلوں اور جسم کے کاموں کا ذکر ہے۔ اِن میں سے جسم کا ایک کام حسد ہے۔ اِس کام کی سادہ سی تعریف یہ ہے کہ حسد ''دوسروں کی محنت کی بنا پر آگے نکلنے'' کا حوصلہ دیتا ہے۔ یہ ایک سازش ہے کہ ہم دوسروں کو نیچے کر کے بہتر بن جائیں یا بغیر ضرورت کے کسی چیز کو توڑ کر نئی بنائیں۔

دُنیا ایسے لوگوں سے بھری ہے جو اُن چیزوں میں دلچسپی رکھتے ہیں جن کے وہ خلاف ہیں بجائے اِس کے کہ وہ اُن چیزوں میں دلچسپی رکھیں جو اُن کے لئے ہیں۔ کسی چیز کے خلاف ہونا، کسی چیز کے ساتھ ہونے کے برابر نہیں۔ کسی کو نیچے کرنا، کسی کو اُوپر کرنے کے برابر نہیں۔ اِس بات کا خیال رکھیں کہ آپ اپنی زندگی میں اُن چیزوں میں دلچسپی نہ رکھیں جن کے آپ خلاف ہیں بلکہ اُن میں رکھیں جن کے آپ ساتھ ہیں۔ یاد رہے کسی چیز کے خلاف ہونا، کسی چیز کے ساتھ ہونے کے برابر نہیں۔

آج کی دعا: پیارے خداوند ! مَیں عہد کرتا ہوں کہ مَیں وہی بولوں گا جو اچھا ہے تا کہ دوسروں کی ترقی کا باعث بنوں، اُنہیں اُوپر اُٹھا سکوں اور حوصلہ دے سکوں۔ میرے منہ اور ہونٹوں پر نگہبان بٹھا اور میرے منہ کی حفاظت کرتا کہ کوئی غلط بات اِس مقدِس کو گندا نہ کر سکے۔ یسوع نام میں، آمین۔

آج کی آیات:

گلتیوں 5:19-21

''اب جسم کے کام تو ظاہر ہیں یعنی حرام کاری، ناپاکی، شہوت پرستی، بُت پرستی ، جادُوگری، عداوتیں، جھگڑا، حسد، غُصہ، تفرقے، جدائیاں، بدعتیں، بغض، نشہ بازی، ناچ رنگ اور اِن کی مانند۔ اِن کی بابت تمہیں پہلے سے کہے دیتا ہوں جیسا کہ پیشتر جتا چکا ہوں کہ ایسے کام کرنے والے خدا کی بادشاہی کے وارث نہ ہوں گے۔''

یوحنا 12:32

''اور مَیں اگر زمین سے اُونچے پر چڑھایا جاؤں گا تو سب کو اپنے پاس کھینچوں گا۔''

# جولائی 8

''آپ خدا کے لئے کیا کچھ کر جاتے اگر آپ خوف زدہ نہ ہوتے؟''

بنی اسرائیل کو بتایا گیا تھا کہ خدا اُنہیں مصر کی غلامی میں سے نکال کر ایک ایسے مُلک میں لے کر جائے گا جہاں دُودھ اور شہد کی ندیاں بہتی ہیں اور جس کا وعدہ خدا نے اُن کے باپ دادا ابرہام، اضحاق اور یعقوب سے کیا تھا۔ خدا اُن کے سفر کے آغاز ہی سے اُن کے ساتھ تھا اور اِسی لئے وعدہ کئے گئے مُلک میں پہنچنے تک اپنی معجزانہ قدرت دِکھاتا رہا۔ خدا نے بحیرۂ قلزم کو دو ٹکڑے کیا اور ہر صبح اُن کے سفر کے دوران مَنّ کو نازل کیا۔

لیکن جب آگے بڑھنے اور رُکاوٹوں کو پار کرنے کی بات آتی تو بنی اسرائیل خوف زدہ ہونے کے باعث آگے نہ بڑھ پاتے۔ اُس دن اُن کے خوف کی وجہ سے خدا کی برکتیں رُک گئیں اور اِس دن کے لئے بھی یہ بات سچ ہے۔ آپ خدا کے لئے کیا کچھ کر جاتے اگر آپ خوف زدہ نہ ہوتے؟

آج کی دعا: پیارے خداوند! مَیں مضبوط، نڈر اور بہادر ہونے کا اِنتخاب کرتا ہوں اور یہ فیصلہ کرتا ہوں کہ تیری مرضی پوری کرنے میں رُکاوٹوں سے نہیں ڈروں گا۔ مجھے فضل بخش کہ زندگی کے تناؤ میں بھی آگے بڑھتا رہوں اور خوف کو اجازت نہ دُوں کہ مجھے روک سکے۔ مَیں جانتا ہوں کہ تُو میرے ساتھ ہو گا۔

آج کی آیات:

یشوع 1:6-9

''سو مضبوط ہو جا اور حوصلہ رکھ کیونکہ تُو اِس قوم کو اُس ملک کا وارث کرائے گا جسے مَیں نے اُن کو دینے کی قسم اُن کے باپ دادا سے کھائی۔ تُو فقط مضبوط اور نہایت دلیر ہو جا کہ احتیاط رکھ کر اُس ساری شریعت پر عمل کرے جس کا حکم میرے بندہ موسیٰ نے تجھ کو دیا۔ اُس سے نہ دہنے ہاتھ مڑنا اور نہ بائیں تاکہ جہاں کہیں تُو جائے تجھے خوب کامیابی حاصل ہو۔ شریعت کی یہ کتاب تیرے منہ سے نہ ہٹے بلکہ تجھے دن اور رات اِسی کا دھیان ہو تاکہ جو کچھ اِس میں لکھا ہے اُس سب پر تُو احتیاط کر کے عمل کر سکے کیونکہ تب ہی تجھے اقبال مندی کی راہ نصیب ہو گی اور تُو خوب کامیاب ہو گا۔ کیا مَیں نے تجھ کو حکم نہیں دیا؟ سو مضبوط ہو جا اور حوصلہ رکھ۔ خوف نہ کھا اور بے دل نہ ہو کیونکہ خداوند تیرا خدا جہاں جہاں تُو جائے تیرے ساتھ رہے گا۔''

# جولائی 9

''خدا کے ہاں وہ سب کچھ ممکن ہے جسے ہم اِنسان ناممکن سمجھتے ہیں۔''

مجھے علم ہے کہ ہوائی حرکات کے قانون کے مطابق یہ ناممکن ہے کہ شہد کی مکھی اُڑ سکے۔ اِس کی وجہ یہ ہے کہ اِس کے پَر اِس کے جسم کا وزن نہیں اُٹھا سکتے۔ اِس کی سادہ سی وجہ یہ ہے کہ اِس کے پَروں میں اِتنی قوت نہیں کہ زمین کی کشش پہ غالب آ سکے۔سو شہد کی مکھی نہیں اُڑ سکتی۔۔۔ وہ پھر بھی اُڑتی ہے! کیسے؟

خدا نے شہد کی مکھی کو اُڑنے کے لئے بنایا ہے، اِسی لئے وہ اُڑتی ہے۔جس طرح خدا نے شہد کی مکھی کو اُڑنے کے لئے بنایا ہے اُسی طرح خدا نے آپ کو زمینی حدود کے بندھن توڑ کر ناممکن کو ممکن بنانے کے لئے بنایا ہے۔ خدا کے ایک لفظ سے یا روح القدس کے صرف ایک بار چھونے سے آپ اُن ناممکن رُکاوٹوں کو توڑ سکتے ہیں جنھوں نے دوسروں کو غُلام بنا رکھا ہے۔ اپنے ذہن کو خدا کے کلام سے بھر کر خدا کی طرح سوچنا شروع کر دیں اور ناممکنات کو حقیقت بنتا دیکھیں۔

آج کی دعا: خداوند! مَیں چاہتا ہوں کہ مَیں تیری طرح سوچ سکوں اور تیری نظر سے چیزوں کو دیکھ سکوں تاکہ مجھے زندگی کی حدیں، موقعے اور حالات محدود نہ کر سکیں۔ مَیں تجھ پر اِیمان رکھتا ہوں اِس لئے میرے لئے سب ممکن ہے۔

آج کی آیت:

مرقس 23:9

'' یسوع نے اُس سے کہا کیا! اگر تُو کر سکتا ہے! جو اعتقاد رکھتا ہے اُس کے لئے سب کچھ ہو سکتا ہے۔''

مرقس 27:10

'' یسوع نے اُن کی طرف نظر کر کے کہا یہ آدمیوں سے تو نہیں ہو سکتا لیکن خدا سے ہو سکتا ہے کیونکہ خدا سے سب کچھ ہو سکتا ہے۔''

مرقس 36:14

'' اور کہا اے ابا! اے باپ! تجھ سے سب کچھ ہو سکتا ہے۔ اِس پیالے کو میرے پاس سے ہٹا لے تو بھی جو مَیں چاہتا ہو وہ نہیں بلکہ جو تُو چاہتا ہے وہی ہو۔''

# جولائی 10

''رُوح کی ہدایت سے چلنا کسی اَور کی ہدایت سے چلنے کو رَد کرنا ہے۔''

اِنسان ایک تثلیثی مخلوق ہے: رُوح، جان اور بدن۔ باغِ عدن میں موروثی گناہ نے چوتھے رُکن کو جنم دیا جس کا نام جسم ہے۔ جسم ہی اِنسان کی گناہ آلودہ فطرت کے پیچھے ہے۔ اِنسان خدا کے اثر کے بغیر دنیاوی اور جسمانی خواہشات سے بھرا رہتا ہے۔ نئے سرے سے پیدا ہونے کے بعد ہم خدا کے روح کو موقع دیتے ہیں کہ وہ ہم میں آئے اور جسم سے کُشتی کر کے ہماری زندگی کا سنبھال لے۔ اِنسان کے جذبات حکمت، علم، احساسات اور پختگی سے چلتے ہیں جب کہ بدن آرام کا مطالبہ کرتا ہے۔ ہر شخص کسی نہ کسی آواز کو جواب دیتا ہے۔ یہ جسم کی آواز ہوسکتی ہے، جذبات کی آواز ہوسکتی ہے، بدن کی آواز ہوسکتی ہے یا روح کی آواز ہوسکتی ہے۔ اگر کوئی شخص اِس بات کا پتا لگا لے کہ کون سی آواز اُس سے بات کر رہی ہے تو وہ ہر اُس آواز کو جو رُوح کی نہیں اُس کو رَدّ کر سکتا ہے۔

آج کی دعا: آسمانی باپ! میری مدد کر کہ مَیں اُس آواز کو سُن سکوں جو تیرے کلام، تیری مرضی اور تیرے رستوں کے مطابق ہو۔ مجھے سکھا کہ کیسے اُن آوازوں میں فرق کر سکوں جو مجھے رُوح کی آواز سے دُور لے کے جاتی ہیں۔

آج کی آیات:

رومیوں 14:8

''اِس لئے کہ جتنے خدا کی رُوح کی ہدایت سے چلتے ہیں وہی خدا کے بیٹے ہیں۔''

گلتیوں 5:16-18

''مگر مَیں یہ کہتا ہوں کہ رُوح کے موافق چلو تو جسم کی خواہش کو ہرگز پورا نہ کرو گے۔ کیونکہ جسم رُوح کے خلاف خواہش کرتا ہے اور رُوح جسم کے خلاف اور یہ ایک دوسرے کے مخالف ہیں تا کہ جو تم چاہتے ہو وہ نہ کرو۔ اور اگر تم رُوح کی ہدایت سے چلتے ہو تو شریعت کے ماتحت نہیں رہے۔''

# جولائی 11

## ''ناکامی شکست نہیں ہوتی۔''

بائبل فتح کے پلیٹ فارم سے یہ سکھاتی ہے کہ اِیمان دار کی زندگی ایک مسلسل جدوجہد ہے۔ ہوسکتا ہے کہ وہ شخص جو خدا کے ساتھ چلتا ہے عام مشکلات سے بھی گزرے، لیکن خداوند اُس کو اُن سب سے چھڑا لے گا۔ بلکہ جتنا خدا کا فرزند تکلیف سے گزرے گا وہ اُتنا ہی بڑھے اور پھلے پھولے گا۔ صادق سات بار بھی گرے تو وہ ہر بار اُٹھ کھڑا ہوگا کیونکہ یہ خداوند ہے جو اُسے مسیح یسوع میں فتح دے گا۔ کوئی ہتھیار آپ کے خلاف کارگر ثابت نہ ہوگا اور ہر زبان جو آپ کے خلاف اُٹھتی ہے اُسے ملامت کی جائے گی کیونکہ مسیح یسوع میں یہ آپ کی میراث ہے۔ آپ کی رَوِشیں خداوند کی طرف سے قائم ہیں اور اگر آپ گر بھی جائیں تو پڑے نہ رہیں گے کیونکہ خداوند آپ کو اپنے ہاتھ سے سنبھال لے گا۔ ناکامی شکست نہیں ہوتی۔

آج کی دعا: پیارے خداوند! مجھے وہ سارے الفاظ یاد دِلا جو تُو نے مجھ سے کہے ہیں۔ سو میرے اعتماد کو بحال کر کہ تُو مجھے کبھی نہیں چھوڑے یا بھولے گا تاکہ مَیں دلیری سے کہہ سکوں ''اگر خدا ہماری طرف ہے تو کون ہمارا مخالف ہے؟''

آج کی آیات:

زبور 37:23-26

'' اِنسان کی رَوِشیں خداوند کی طرف سے قائم ہیں اور وہ اُس کی راہ سے خوش ہے۔ اگر وہ گر بھی جائے تو پڑا نہ رہے گا کیونکہ خداوند اُسے اپنے ہاتھ سے سنبھالتا ہے۔ مَیں جوان تھا اور اب بُوڑھا ہوں تو بھی مَیں نے صادق کو بے کس اَور اُس کی اولاد کو ٹکڑے مانگتے نہیں دیکھا۔ وہ دن بھر رحم کرتا ہے اور قرض دیتا ہے اور اُس کی اَولاد کو برکت ملتی ہے۔''

زبور 34:19

'' صادق کی مصیبتیں بہت ہیں، لیکن خداوند اُس کو اُن سب سے رہائی بخشتا ہے۔''

# جولائی 12

''وہ پُرانا ہی شاید نیا ہو جس کی آپ تلاش میں ہیں۔''

جب خدا یہ کہتا ہے کہ سورج کے نیچے کچھ نیا نہیں تو اِس کا ہرگز یہ مطلب نہیں کہ ہم مکاشفہ نہیں حاصل کریں گے یا اپنے علم کے بارے میں کچھ دریافت نہیں کریں گے اور کچھ نیا نہیں سیکھیں گے۔ بلکہ خدا کا یہ مطلب ہے کہ اُس کے لئے کچھ نیا نہیں اور نہ کبھی ہو گا۔ بائبل بتاتی ہے کہ خدا آغاز ہی سے آخرت کو جانتا ہے، وہ ہمارے اِیمان کا بانی اور اُس کو مکمل کرنے والا ہے، وہ اوّل اور آخر ہے، وہ پُرانا اور نیا ہے۔ یہاں تک کہ خدا نے اِس دنیا کو بنانے سے پہلے ہی اپنے بیٹے کو قربان کر دیا۔

جب بھی کوئی شخص کوئی نیا نظریہ سنتا ہے، ذاتی مکاشفہ حاصل کرتا ہے، یا کوئی نیا رستہ دریافت کرتا ہے تو یہ سب چیزیں خدا کی مرضی، کلام اورطریقوں کے مطابق پرکھی جانی چاہئیں۔ بہت سے لوگ نئی تراکیب کی وجہ سے بھٹک جاتے ہیں اور گو کہ آغاز بہترین دکھائی دیتا ہو مگر اختتام خالی خولی اور کھوکھلا ہو جاتا ہے کیونکہ وہ خدا نہیں۔ اِن سادہ سچائیوں اور اِنجیل کے قوانین کو کسی نئی چیز کی تلاش میں رَدّ نہ کریں۔

آج کی دعا: پیارے خداوند! میرے دِل کو اپنے کلام کی بنیاد پر قائم کر۔ میری مدد کر کہ غلط تعلیمات اور نجات حاصل کرنے کی نئی تراکیب کی وجہ سے بھٹک نہ جاؤں۔ تیری راہ میری راہ ہے، اے خداوند! ۔۔۔ مجھے اپنا کلام سکھا۔

آج کی آیات:

2۔کرنتھیوں 3:11 ''لیکن مَیں ڈرتا ہوں۔کہیں ایسا نہ ہو کہ جس طرح سانپ نے اپنی مکاری سے حوا کو بہکایا اُسی طرح تمہارے خیالات بھی اُس خُلوص اور پاک دامنی سے ہٹ جائیں جو مسیح کے ساتھ ہونی چاہئے۔''

واعظ 9:1 ''جو ہوا وہی پھر ہو گا اور جو چیز بن چکی ہے وہی ہے جو بنائی جائے گی اور دُنیا میں کوئی چیز نئی نہیں۔''

اعمال 21:17 ''اِس لئے کہ سب اتھینوی اور پردیسی جو وہاں مقیم تھے اور اپنی فرصت نئی نئی باتیں کہنے سننے کے سوا اَور کسی کام میں صَرف نہ کرتے تھے۔''

مکاشفہ 8:13

''اور زمین کے وہ سب رہنے والے جن کے نام اُس برّہ کی کتابِ حیات میں لکھے نہیں گئے جو بِنائے عالَم کے وقت سے ذبح ہوا ہے اُس حیوان کی پرستش کریں گے۔''

# جولائی 13

''خدا اُس چیز کے ساتھ کام کرتا ہے جو ہمارے پاس ہے اور خاص طور پر جب ہم وہ چیز اُسے دینے کے لئے تیار ہو جائیں۔''

2۔ سلاطین باب 4 میں ایک بیوہ کا ذکر ہے جو مشکل میں تھی۔ یوں لگتاہے کہ اُس کے شوہر کے انتقال کو زیادہ دیر نہیں ہوئی تھی اور وہ اپنے دونوں بیٹوں کے سر پر قرض کا پہاڑ چھوڑ گیا تھا۔ جب اُس نے قرض خواہوں کو راضی کرنے کے لئے سب کچھ کر لیا تو آخر اُنہوں نے اُس کے بیٹوں کو غلام بنانے کی دھمکی دی۔ وہ عورت بہت پریشان ہو کر الیشع نبی کے پاس آئی۔ اُس کی کہانی سننے کے بعد نبی نے ایک سادہ سا سوال پوچھا، ''تیرے پاس کیا ہے؟'' عورت کا جواب سچا اور دل سے تھا لیکن وہ سچ نہ تھا۔ اُس نے کہا، ''میرے پاس کچھ نہیں۔'' آگے ہم پڑھتے ہیں کہ واقعی اُس کے پاس ایک پیالہ تیل کے سوا کچھ نہ تھا۔ نبی نے اُس بیوہ کو نصیحت کی کہ وہ خدا کو موقع دے کہ وہ اُس تھوڑے کے ساتھ ہی کام کر سکے۔ جب اُس نے خدا کو اپنے تھوڑے کے ساتھ کام کرنے کا موقع دیا تو خدا نے معجزہ کیا اور اُس کے تمام مسائل حل ہو گئے۔ آپ بھی ایسا کر سکتے ہیں۔ اُس کے ساتھ خدا کو موقع دیں جو آپ کے پاس ہے۔ سب کچھ اُس کے ہاتھوں میں دے دیں اور معجزے کے لئے اِیمان رکھیں۔

آج کی دعا: خداوند! مَیں جانتا ہوں کہ تیرے وسیلے سے سب چیزیں ممکن ہیں اور مَیں یسوع کے ساتھ جو مجھے قوت بخشتا ہے، سب کچھ کر سکتا ہوں۔ اُس تھوڑے کو لے جو میرے پاس ہے۔ وہ مَیں تجھے دیتا ہوں، اُس کو آج استعمال کر اور مجھے بڑھا۔ آمین۔

آج کی آیات:

2۔ سلاطین 4:1-2،7

''اور انبیازادوں کی بیویوں میں سے ایک عورت نے الیشع سے فریاد کی اور کہنے لگی کہ تیرا خادم میرا شوہر مر گیا ہے اور تُو جانتا ہے کہ تیرا خادم خداوند سے ڈرتا تھا۔ سو اب قرض خواہ آیا ہے کہ میرے دونوں بیٹوں کو لے جائے تا کہ وہ غلام بنیں۔ الیشع نے اُس سے کہا مَیں تیرے لئے کیا کروں؟ مجھے بتا تیرے پاس گھر میں کیا ہے؟ اُس نے کہا کہ تیری لونڈی کے پاس گھر میں ایک پیالہ تیل کے سِوا کچھ نہیں... تب اُس نے آ کر مردِ خدا کو بتایا۔ اُس نے کہا جا تیل بیچ اور قرض ادا کر اور جو باقی رہے اُس سے تُو اور تیرے فرزند گزران کریں۔''

# 14 جولائی

''کبھی کبھار سب سے عظیم چیلنج یہ ہوتا ہے کہ ہم پیچیدہ لوگوں کو سادہ بات کیسے قبول کروائیں۔''

کیا آپ کبھی کسی ایسے شخص سے ملے ہیں جو اِتنا سمجھ دار ہو کہ سادہ چیزیں بھی اُس کے لئے پریشانی کا باعث ہوں، جیسے کہ کوئی ایسا شخص جو گنتی میں بہت اچھا ہو لیکن پھر بھی اپنے کپڑے یا معاشرتی میل ملاپ کو سنبھال نہ سکے؟ دنیا ایسے لوگوں سے بھری پڑی ہے جن کے مختلف مسائل ہیں، لیکن سب سے بڑا چیلنج یہ ہے کہ کچھ لوگ اپنی مشکل کا سادہ حل قبول نہیں کرتے کیونکہ وہ اپنی مشکل کو ایک پیچیدہ مشکل دیکھتے ہیں۔

پولس رسول نے بھی یسوع کی گواہی دینے کے دوران بہت سے ایسے مسائل کا سامنا کیا۔ اُس نے دریافت کیا کہ کامیاب ہونے کے لئے اُسے اپنے سامعین کی زبان بولنی ہے اور اُن کی طرح سوچنا ہے۔ اپنے آپ کو دوسروں کی جگہ پر رکھ کے اُس کے پاس یہ ایک بڑا موقع تھا کہ وہ یسوع کے سادہ پیغام کو اپنے زمانے کی پیچیدہ ثقافت تک پہنچائے۔ ہم اِس مثال سے سیکھ سکتے ہیں۔

آج کی دعا: باپ! مجھے فضل بخش کہ مَیں اپنے سامعین کی زبان بولوں تا کہ مَیں اِنجیل کی منادی میں موثر ٹھہروں۔ میری مدد کر کہ مَیں بولنے سے پہلے سنوں اور خود کو سمجھنے سے پہلے دوسروں کو سمجھوں۔

آج کی آیات:

1۔کرنتھیوں 9:19-23

'' اگرچہ مَیں سب لوگوں سے آزاد ہوں پھر بھی مَیں نے اپنے آپ کو غلام بنا لیا ہے تا کہ اَور بھی زیادہ لوگوں کو کھینچ لاؤں۔مَیں یہودیوں کے لیے یہودی بنا تا کہ یہودیوں کو کھینچ لاؤں۔ جو لوگ شریعت کے ماتحت ہیں اُن کے لئے شریعت کا ماتحت ہوا تا کہ شریعت کے ماتحتوں کو کھینچ لاؤں، اگرچہ خود شریعت کے ماتحت نہ تھا۔ بے شرع لوگوں کے لئے بے شرع بنا تا کہ بے شرع لوگوں کو کھینچ لاؤں (اگرچہ خدا کے نزدیک بے شرع نہ تھا بلکہ مسیح کی شریعت کے تابع تھا)۔ کمزوروں کے لئے کمزور بنا تا کہ کمزوروں کو کھینچ لاؤں۔مَیں سب آدمیوں کے لئے سب کچھ بنا ہوا ہوں تا کہ کسی طرح سے بعض کو بچاؤں۔ اور مَیں سب کچھ اِنجیل کی خاطر کرتا ہوں تا کہ اَوروں کے ساتھ اُس میں شریک ہوؤں۔''

# جولائی 15

”آپ کے مستقبل کا تعین آپ کا ماضی نہیں بلکہ آپ کا خدا کرتا ہے۔“

راحب ایک کسبی تھی جو یریحو میں یسوع سے تقریباً پندرہ سو سال پہلے رہتی تھی۔ وہ ایک کاروباری عورت تھی جس نے کام کر کے شہر میں اپنا نام بنایا تھا۔ جو کچھ وہ جانتی تھی اُس کا تعلق اُس کے ماضی سے تھا اَور ایسا لگتا تھا کہ اُس کا مستقبل بھی ایسا ہی ہو گا۔طویل عرصے تک ایک کامیاب کاروبار کے ساتھ زندگی گزارنا اکثر آپ کے لئے نئے مواقع کم کر دیتا ہے اور وہی آپ کے مستقبل کا بھی تعین کرتا ہے ،لیکن راحب کے ساتھ ایسا نہیں تھا۔ راحب کی زندگی تب تبدیل ہوئی جب اُس نے اپنی روزمرہ کی زندگی کو بھُلا کر اپنے مستقبل کو خدا کے ہاتھوں میں دے دیا۔

آپ کے لئے بھی ایسا ہی ہے۔آپ کا ماضی نہ آپ کے مستقبل کا تعین کر سکتا ہے اور نہ اِس کو محدود کر سکتا ہے، تب بھی جب لگے کہ آپ کے پاس کوئی اَور راستہ نہیں اور ماضی کے سِوا آپ کے پاس کچھ نہیں۔۔۔ خدا کے ارادے مختلف ہو سکتے ہیں۔مَیں آپ کو چیلنج دیتا ہوں کہ اپنے مستقبل کو خدا کے ہاتھوں میں دے دیں۔ اُس کو موقع دیں کہ وہاں تبدیلی لائے جہاں تبدیلی کی ضرورت ہے اور آپ کی زندگی کو اُس رُخ میں لے کر چلے جہاں اُس کا منصوبہ پورا ہو۔ ہوسکتا ہے آپ کو کچھ تبدیلیاں دلیری سے کرنی پڑیں مگر خوف نہ کھائیں خدا آپ کے ساتھ ہے۔

آج کی دعا: خدا باپ! اگر کوئی رُکاوٹ میرے رستے میں کھڑی مجھے روک رہی ہے تو مَیں دعا کرتا ہوں کہ وہ ہٹ جائے۔مَیں اپنی باقی زندگی تجھے دیتا ہوں۔ مجھے تبدیل کر، اپنی مرضی کے مطابق ڈھال اور اپنے لئے اِستعمال کر۔مَیں تیرا ہوں۔آمین۔

آج کی آیات:

یشوع 1:2

” تب نون کے بیٹے یشوع نے شِطّیم سے دو مَردوں کو چپکے سے جاسُوسوں کے طور پر بھیجا اور اُن سے کہا کہ جا کر اُس مُلک کو اور یریحو کو دیکھو بھالو۔ چنانچہ وہ روانہ ہوئے اور ایک کسبی کے گھر میں جس کا نام راحب تھا آئے اور وہیں سوئے۔“

عبرانیوں 31:11 ”اِیمان ہی سے راحب فاحشہ نافرمانوں کے ساتھ ہلاک نہ ہوئی کیونکہ اُس نے جاسُوسوں کو امن سے رکھا تھا۔“

# جولائی 16

''کیا آپ اُس کھیل پر شرط لگانے کے لئے تیار ہیں جو پہلے ہی کھیلا جا چُکا ہو؟''

آپ کے ہاتھ میں وہ اخبار لگ جاتا ہے جو ابھی چھپ کر کل مارکیٹ میں آنا ہے اور یہ جان لیتے ہیں کہ کون ورلڈ سیریز جیتا۔ فرض کیجئے آپ وہ واحد شخص ہیں جو اِس کھیل کا نتیجہ جانتے ہیں تو آپ کیا کریں گے؟ شاید بہت سے دوسرے لوگوں کی طرح آپ بھی اِس غیرمعمولی موقعے کا فائدہ اُٹھائیں اور اُس یقینی نتیجے کی بنا پر جو کچھ آپ کے پاس ہے یا جو کچھ آپ کے ہاتھ آئے یا شاید جو کچھ آپ اُدھار لے سکتے ہوں اِس پر شرط لگا دیں۔ یہ بھی دانائی ہو گی کہ آپ اپنے خاندان اور قریبی دوستوں کو بھی اِس موقعے سے فائدہ اُٹھانے کے لئے بُلا لیں۔ کیوں نہ ایسے ہی اِنجیل (خوش خبری) کی منادی کریں؟

آج بھی حالات ایسے ہی ہیں اور آپ کے پاس موقع ہے کہ اِس بات سے فائدہ اُٹھائیں کہ آپ پہلے سے جانتے ہیں کہ کون جیتے گا۔ بائبل کل کے اخبار کی تصدیق شدہ کاپی ہے اور بوجھیں کیا۔۔۔ یسوع کی جیت ہوگی! آپ اُس کھیل پہ کیا شرط لگانے کے لئے تیار ہیں جو پہلے ہی کھیلا جا چُکا ہے؟

آج کی دعا: پیارے خداوند! میرا اِیمان ہے کہ تیرا ایک منصوبہ ہے کہ تُو اُس میں کامیابی حاصل کرے گا اور یہ بھی کہ میرے پاس ایک موقع ہے کہ اُس میں حصّہ لے سکوں۔ مجھے طاقت دے کہ مَیں کلام کی سچائی اور اُس فتح کا گواہ بنوں جو مسیح یسوع میں ہے۔

آج کی آیات:

عبرانیوں 3:4

'' اور ہم جو ایمان لائے اُس آرام میں داخل ہوتے ہیں جس طرح اُس نے کہا کہ مَیں نے اپنے غضب میں قسم کھائی کہ یہ میرے آرام میں داخل نہ ہونے پائیں گے۔گو بنائے عالَم کے وقت اُس کے کام ہو چکے تھے۔''

رومیوں 28:8

'' اور ہم کو معلوم ہے کہ سب چیزیں خدا سے محبت رکھنے والوں کے لئے بھلائی پیدا کرتی ہیں یعنی اُن کے لئے جو خدا کے ارادہ کے موافق بلائے گئے ہوں۔''

یسعیاہ 10:46

'' جو ابتدا ہی سے انجام کی خبر دیتا ہوں اور ایامِ قدیم سے وہ باتیں جو اب تک وقوع میں نہیں آئیں بتاتا ہوں اور کہتا ہوں کہ میری مصلحت قائم رہے گی اور مَیں اپنی مرضی بالکل پوری کروں گا۔''

# 17 جولائی

''ایک دن کی مہربانی ہزار دن کی مزدوری کے برابر ہے۔''

فرض کیجئے خدا آپ کو آپ کے خیال سے بڑھ کر برکت دینا چاہتا ہے۔ اگر وہ چاہے تو آپ لاٹری جیت سکتے ہیں۔ یا وہ کسی سے خواب میں آپ کی ترقی کی بات کر سکتا ہے۔ہم پاک کلام میں دیکھتے ہیں کہ خدا مسلسل لوگوں کو اُن کے عظیم دن کے لئے تیار کرتا رہا اور اکثر تب جب وہ اِس کی اُمید نہیں کر رہے تھے۔ جب یوسف کو فرعون نے مُلک کا حاکم مقرر کیا تو اُس کے ساتھ بھی کچھ ایسا ہی تھا۔ دانی ایل کے ساتھ بھی ایسا ہی ہوا کہ اُس نے اپنے آپ کو بادشاہ کی نظر میں مقبول پایا۔

نئے عہد نامے میں یسوع نے پطرس کو بہت سی مچھلیوں کی صورت میں برکت دی تا کہ وہ یہ جان سکے کہ ایک دن کی مہربانی ہزار دن کی مزدوری کے برابر ہے۔ اِیمان، بھروسے اور خدا کی مہربانی پر اِنحصار کریں تا کہ وہ آپ کو ترقی دے اور آپ کی ضرورتوں کو پورا کرے۔

آج کی دعا: پیارے خداوند! تیری مہربانی مجھ پر ہے اور تُو نے مجھے ہر زمینی اور روحانی برکت سے نوازا ہے۔ میرے لئے ضروری دروازے کھول اور مجھے میری بہترین جگہ پر لا تا کہ مَیں تیری مرضی پر چل سکوں۔

آج کی آیات:

زبور 75:6-7

'' کیونکہ سرفرازی نہ تو مشرق سے نہ مغرب سے اور نہ جنوب سے آتی ہے، بلکہ خدا ہی عدالت کرنے والا ہے۔ وہ کسی کو پست کرتا ہے اور کسی کو سرفرازی بخشتا ہے۔''

اَمثال 3:3-4

'' شفقت اور سچائی تجھ سے جدا نہ ہوں۔ تُو اُن کو اپنے گلے کا طوق بنانا اور اپنے دِل کی تختی پر لکھ لینا۔ یوں تُو خدا اور انسان کی نظر میں مقبولیت اور عقل مندی حاصل کرے گا۔''

اَمثال 18:22

'' جس کو بیوی ملی اُس نے تحفہ پایا اور اُس پر خداوند کا فضل ہوا۔''

# جولائی 18

''کئی دفعہ ہمیں ایک چیز پورے طور سے پکڑنے کے لئے دوسری چیز پورے طور سے چھوڑنی پڑتی ہے۔''

جب مَیں بچپن میں سرکس جاتا تھا تو خود کو ورزشی جھولے کے فنکاروں کے درمیان پاتا تھا جو کہ زمین سے بُلندی پر ایک آڑی چھڑی سے دوسری کے درمیان جھولتے تھے۔ مَیں اُن کو دیکھتا تھا کہ کیسے وہ ہوشیاری سے گھومتے، بیچ ہوا میں قلا بازیاں لگاتے اور ایک دوسرے کو کیچ کرتے صرف اِس لئے کہ پلیٹ فارم پر شان سے کھڑے ہوسکیں۔ اِن تمام سالوں میں مَیں زندگی کے اُصولوں پر سوچتا رہا جو مَیں نے اُن فنکاروں کو دیکھ کر سیکھے تھے۔ اُن کی کامیابی کے لئے یہ ضروری تھا کہ وہ ایک چیز کو پورے طریقے سے چھوڑ دیں تاکہ دوسری چیز کو پورے اور مضبوط طریقے سے پکڑ سکیں۔ زندگی کا زیادہ تر حصّہ اِسی اُصول پر چلتا ہے۔ پورے یا نصف طور پر بھی اپنے ماضی کو پکڑے رکھنا، چاہے اُس سے ہم فوائد کیوں نہ حاصل کر رہے ہوں، ہمیں اُس مستقبل کو حاصل کرنے سے روک سکتا ہے جو خدا ہمیں پیش کر رہا ہے۔ یہ مشکل ہے کہ ہم پُرانے تجربات اور واقعات کو بھول جائیں، لیکن اِس سے بھی مشکل یہ ہے کہ ہم اُن تجربات کو اپنی پوری زندگی گھسیٹتے رہیں اور اُن کو اجازت دیں کہ وہ ہماری ترقی پر منفی اثر ڈالیں۔ اِس لئے اگر پُرانی چیزوں کو بھُلانا آپ کے لئے مشکل ہے تو خدا سے مدد مانگیں اور پورے طور سے پھر اپنی زندگی میں مشغول ہو جائیں۔

آج کی دعا: پیارے خداوند! میری مدد کر کہ مَیں اپنے ماضی کو اِس کے ٹھیک تناظر میں رکھ سکوں اور اُن چیزوں کو جانے دُوں جو مجھے میری زندگی اور تیری مرضی میں آگے بڑھنے سے روک رہی ہیں۔ تیرا شکریہ، آمین۔

آج کی آیات:

یسعیاہ 43:18-19

''یعنی خداوند یوں فرماتا ہے کہ پچھلی باتوں کو یاد نہ کرو اور قدیم باتوں پر نہ سوچتے رہو۔ دیکھو مَیں ایک نیا کام کروں گا۔ اب وہ ظہور میں آئے گا۔ کیا تم اُس سے ناواقف رہو گے؟ ہاں مَیں بیابان میں ایک راہ اور صحرا میں ندیاں جاری کروں گا۔''

فلپیوں 3:13-14

''اے بھائیو! میرا یہ گمان نہیں کہ پکڑ چکا ہوں بلکہ صرف یہ کرتا ہوں کہ جو چیزیں پیچھے رہ گئیں اُن کو بھول کر آگے اُن چیزوں کی طرف بڑھا ہوا نشان کی طرف دوڑا ہوا جاتا ہوں تاکہ اُس انعام کو حاصل کروں جس کے لئے خدا نے مجھے مسیح یسوع میں اوپر بلایا ہے۔''

# جولائی 19

'' اکثر ہم وہ سُننے کے لئے رضامند نہیں ہوتے جو ہم کرنے کے لئے رضامند نہیں ہوتے۔''

کئی بار لوگ میرے پاس اِس اُمید سے آتے ہیں کہ مَیں زندگی کے مسائل حل کرنے میں اُن کی کچھ مدد کرسکتا ہوں۔ دوسرے لوگ اکثر اپنی نوکری، مالیات، شادی اور دوسرے تعلقات میں مجھ سے مشورت چاہتے ہیں۔ کئی دفعہ مَیں نے یہ جانا کہ کچھ لوگ پہلے ہی اپنا ذہن بنا کے آتے ہیں کہ کون سی مشورت وہ قبول کریں گے یا نہیں کریں گے۔ مجھے اِس کی کامیابی میں بہت کم اُمید نظر آتی ہے جب لوگ موثر علاج کے لئے پہلے ہی دروازے بند کر دیتے ہیں صرف اِس لئے کہ وہ یہ کرنا نہیں چاہتے۔ اکثر ہم وہ سُننے کے لئے رضامند نہیں ہوتے جو ہم کرنے کے لئے رضامند نہیں ہوتے۔

خود سے یہ سوال پوچھیں'' کیا مَیں نے خدا کے کلام اور دین دارانہ صلاح کے لئے، چاہے اِس کی جو بھی قیمت ہو، اپنا ذہن بند کیا ہوا ہے؟'' آپ کیوں اُس حل کو سُننے کے لئے نارضامند ہیں؟ مَیں آپ کو مشورہ دیتا ہوں کہ اپنی مدد کی آخری اُمید سے انکار نہ کریں۔۔۔ خدا کا کلام سُنیں اور توبہ کریں۔

آج کی دعا: پیارے آسمانی باپ! اپنے کلام، مرضی اور راہ کے لئے میرا ذہن کھول۔ دین دارانہ مشورت سے مجھے چیلنج دے تاکہ جو کچھ مَیں کروں، اُس میں تیرا اِنتخاب کروں۔

آج کی آیات:

یوحنا 6: 60، 66

'' اِس لئے اُس کے شاگردوں میں سے بہتوں نے سن کر کہا کہ یہ کلام ناگوار ہے، اِسے کون سن سکتا ہے؟ اِس پر اُس کے شاگردوں میں سے بہتیرے اُلٹے پھر گئے اور اِس کے بعد اُس کے ساتھ نہ رہے۔''

متی 19:21-22

'' یسوع نے اُس سے کہا اگر تُو کامل ہونا چاہتا ہے تو جا اپنا مال واسباب بیچ کر غریبوں کو دے۔ تجھے آسمان پر خزانہ ملے گا اور آکر میرے پیچھے ہو لے۔ مگر وہ جوان یہ بات سن کر غمگین ہوکر چلا گیا کیونکہ بڑا مالدار تھا۔''

# جولائی 20

''کسی چیز کے ختم ہونے کا ہرگز یہ مطلب نہیں کہ وہ اچھی نہیں تھی۔''

کیا آپ نے کبھی ماں باپ کو کوشش کرتے دیکھا ہے کہ وہ ایک پارک میں آپے سے باہر بچے کو قابو میں کرنے کی کوشش کر رہے ہوں کیونکہ پارک کے بند ہونے کا وقت ہے لیکن بچہ جانا نہیں چاہتا؟ حالانکہ وہ پورا دن وہاں جھولے لیتا ہے، چپس کھاتا رہا ہے، غبارے خریدتا رہا ہے، شو دیکھتا رہا ہے اور خاندان نے اِتنا پیسہ خرچ کیا ہے لیکن بچہ نہیں چاہتا کہ دن اچھی طرح ختم ہو۔ ماں باپ اکثر ایسی بات کہتے ہیں'' پارک بند ہورہا ہے ہم کچھ نہیں کر سکتے'' یا ''ہم کل پھر آجائیں گے'' یا ''اگر تم نے رونا بند نہ کیا تو مَیں تمہیں اِدھر کبھی نہیں لاؤں گا'' یا ''اگر مجھے پہلے ہی پتا ہوتا کہ تم ایسے کرو گے تو مَیں تمہیں اِدھر لے کر ہی نہ آتا''۔ یہ سب باتیں اِس لئے کہی جاتی ہیں کہ دن کا انجام بدمزہ نہ ہو۔

سچ یہ ہے کہ چیزیں شروع ہوتی ہیں اور پھر ختم ہو جاتی ہیں۔ جب چیزیں ختم ہو جائیں تو اُن کو فائدے کے لئے یاد رکھا جانا چاہیئے نہ کہ اُس کو المیہ بنا کر اُس تجربے کو ضائع کریں۔ کسی چیز کے ختم ہو جانے کا ہرگز یہ مطلب نہیں کہ وہ اچھی نہیں تھی۔ خود کو ٹھیک کریں اور سوچیں کہ وہ جھولا اچھا تھا اور اگلے کہکشاں کو دریافت کرنے کے لئے آگے بڑھیں۔

آج کی دعا: اے میرے باپ تُو جو آسمان پر ہے تُو آغاز ہی سے انجام کو جانتا ہے۔ مجھے فضل اور حکمت دے کہ مَیں وسیع تناظر میں چیزوں کو دیکھ سکوں خاص طور پر تب جب میرے کنٹرول میں کچھ نہ ہو۔ یسوع کے نام میں اپنا راہنمائی کرنے والا ہاتھ میری زندگی پر رکھ اور مجھے اگلے مرحلے کے لئے تیار کر۔

آج کی آیات:

یشوع 1:1-2

'' اور خداوند کے بندہ موسیٰ کی وفات کے بعد ایسا ہوا کہ خداوند نے اُس کے خادم نون کے بیٹے یشوع سے کہا، میرا بندہ موسیٰ مر گیا ہے سو اب تُو اُٹھ اور اِن سب لوگوں کو ساتھ لے کر اِس یردن کے پار اُس ملک میں جا جسے مَیں اُن کو یعنی بنی اسرائیل کو دیتا ہوں۔''

واعظ 1:3

'' ہر چیز کا ایک موقع اور ہر کام کا جو آسمان کے نیچے ہوتا ہے ایک وقت ہے۔''

واعظ 8:7

''کسی بات کا انجام اُس کے آغاز سے بہتر ہے۔''

# جولائی 21

## ''اکثر پہلا قدم آپ کو اُٹھانا پڑتا ہے۔''

تمام ہوا! کلوری پر خدا نے آپ کے لئے تمام رُوحانی اور زمینی برکتیں مہیا کر دی تھیں۔ خدا نے ساری انسانیت پر اپنے فضل کو نازل کیا اور اُس فضل سے تمام ضرورتوں کے لئے مہیا کیا۔ اگر یسوع نے صلیب پر کوڑے کھا کر اور دنیا سے رد ہو کر قیمت ادا کی تو وہ سب آپ کا ہے۔ دراصل جو کچھ خدا کر سکتا ہے وہ پہلے ہی کر چکا ہے۔ اب آپ کی باری ہے۔

1- سلاطین باب 17 کی بیوہ کی طرح جس کو خدا نے پہلے ہی ایلیاہ کی خدمت کے لئے حکم دیا تھا، خدا کی مرضی اور مہیا کرنے کی صلاحیت اُس جگہ پر موجود تھی لیکن اُس سب کو حاصل کرنے کے لئے اُس کو پہلا قدم اُٹھانا تھا۔ ایلیاہ نے کہا ''پہلے میرے لئے ایک ٹِکیا بنا اور خدا تجھے مسلسل مہیا کرے گا۔'' شاید آپ کی نجات میں آپ کا پہلا قدم ضروری ہے۔

آج کی دعا: خداوند! مَیں بیٹھ کر انتظار نہیں کرتا رہوں گا کہ تُو آ کر مجھے بچائے۔ مَیں جانتا ہوں کہ تُو مجھے پہلے ہی مسیح میں چھڑا چکا ہے اور اب میری باری ہے کہ مَیں اُس سے فائدہ اٹھاؤں۔ مجھے میرا پہلا قدم دکھا۔

آج کی آیات:

1- سلاطین 17:13-16

''اور ایلیاہ نے اُس سے کہا مت ڈر۔ جا اور جیسا کہتی ہے کر پر پہلے میرے لئے ایک ٹِکیا اُس میں سے بنا کر میرے پاس لے آ۔ اُس کے بعد اپنے اور اپنے بیٹے کے لئے بنا لینا۔ کیونکہ خداوند اسرائیل کا خدا یوں فرماتا ہے کہ اُس دن تک جب تک زمین پر مینہ نہ برسائے نہ تو آٹے کا مٹکا خالی ہو گا اور نہ تیل کی کُپی میں کمی ہو گی۔ سو اُس نے جا کر ایلیاہ کے کہنے کے مطابق کیا اور یہ اور وہ اور اُس کا کنبہ بہت دنوں تک کھاتے رہے۔ اور خداوند کے کلام کے مطابق جو اُس نے ایلیاہ کی معرفت فرمایا تھا نہ تو آٹے کا مٹکا خالی ہوا اور نہ تیل کی کُپی میں کمی ہوئی۔''

# جولائی 22

## ''یسوع کے بارے میں جاننا اور اُس کو جاننا برابر نہیں۔؟''

ہمیں صرف یسوع کے بارے میں نہیں، بلکہ یسوع کو جاننا ہے۔ یسوع مسیح کے ساتھ ہمارا تعلق ہمیں اُس کے جلال کا عکس بنا دیتا ہے اور یوں ہم دنیا کا نور بن جاتے ہیں۔ پاک کلام بیان کرتا ہے کہ نور تاریکی میں چمکتا ہے۔ صرف اِس دنیا کے لوگ ہی نہیں بلکہ دنیا کی تمام روحیں بھی ہماری روشنی کو دیکھ کر خدا کو جلال دیتی ہیں۔

اعمال 19 باب میں ذکر ہے کہ جن سات لوگوں نے پولس کو یسوع کی منادی کرتے سنا اور اُنہوں نے بھی یسوع کے نام میں ایک شخص میں سے بدروح نکالنے کی کوشش کی۔ بُری روح نے جواب میں اُن سے کہا کہ یسوع کو تو مَیں جانتی ہوں اور پولس سے بھی واقف ہوں مگر تم کون ہو؟ یسوع کے بارے میں جاننا اور اُس کو جاننا برابر نہیں اور اگر آپ اُسے نہیں جانیں گے تو کوئی اَور جان لے گا۔

آج کی دعا: آسمانی باپ! مَیں تجھے اور تیرے بیٹے کو گہرائی میں جاننا چاہتا ہوں تاکہ میری روشنی آدمیوں اور بدروحوں کے سامنے چمکے۔ مَیں اپنے گناہ کی معافی مانگتا ہوں اور اپنی ناراستی سے صاف ہوکر تیری قوت کو انجیل کی منادی کے لئے حاصل کرنا چاہتا ہوں۔

آج کی آیت:

اعمال 19:15-16

''بُری روح نے جواب میں اُن سے کہا کہ یسوع کو تو مَیں جانتی ہوں اور پولس سے بھی واقف ہوں مگر تم کون ہو؟ اور وہ شخص جس میں بُری روح تھی کُود کر اُن پر جا پڑا اور دونوں پر غالب آ کر ایسی زیادتی کی کہ وہ ننگے اور زخمی ہوکر اُس گھر سے نکل بھاگے۔''

# جولائی 23

''کسی کی خاطر اَبدی زندگی کو نہ مت کہیں۔''

سوچئے کہ آپ کی ماں ، بھائی یا قریبی دوست آپ کو ملنے آئیں جب کہ آپ گھر پر نہ ہوں۔ فرض کیجئے کہ ایک گاڑی آپ کے گھر کے سامنے آئے اور اُس میں سے کوئی خوش لباس وکیل آپ کو خوش خبری دینے کے لئے باہر آئے۔۔۔ یعنی ایک شخص جو بہت امیر تھا اپنی ساری دولت آپ کے نام کر گیا اور آپ کے لئے اَربوں ڈالر چھوڑ گیا ہے۔ سوچئے کہ اِس بات کا آپ پر کیا اثر ہو اگر آپ کے گھر والے سمجھیں کہ آپ اِس سب میں دلچسپی نہیں لیں گے اور سوچیں کہ آپ کو آپ کی میراث کے بارے میں نہ بتایا جائے۔ ہوسکتا ہے آپ ہفتوں، مہینوں، سالوں یا شاید زندگی بھر کوشش کر لیں اور نہ جان پائیں۔ اِس دُنیا میں لوگ ہر روز یہی کرتے ہیں جب وہ انجیل کی خوش خبری کو دوسروں تک نہیں پہنچاتے یہ سوچ کر کہ وہ دلچسپی نہیں دکھائیں گے۔ کسی کی خاطر اَبدی زندگی کو نہ مت کہیں۔

آج کی دعا: پیارے آسمانی باپ مَیں ساری دُنیا میں انجیل کی منادی کرنا چاہتا ہوں۔ مجھے رُویا بخش کہ مَیں دیکھوں اور اِیمان لاؤں کہ کوئی بھی اپنی میراث کی خوش خبری کو رد نہ کرے۔ مَیں کسی کے لئے نجات کو کبھی نہ نہیں کہوں گا۔ آمین

آج کی آیات:

عبرانیوں 9:16-17

''کیونکہ جہاں وصیت ہے وہاں وصیت کرنے والے کی موت بھی ثابت ہونا ضرور ہے۔ اِس لئے کہ وصیت موت کے بعد ہی جاری ہوتی ہے اور جب تک وصیت کرنے والا زندہ رہتا ہے اُس کا اجر نہیں ہوتا۔''

رومیوں 8:17

''اور اگر فرزند ہیں تو وارث بھی ہیں یعنی خدا کے وارث اور مسیح کے ہم میراث بشرط یہ کہ ہم اُس کے ساتھ دکھ اٹھائیں تا کہ اُس کے ساتھ جلال بھی پائیں۔''

رومیوں 10:14

''مگر جس پر وہ اِیمان نہیں لائے اُس سے کیونکر دعا کریں؟ اور جس کا ذکر اُنھوں نے سُنا نہیں اُس پر ایمان کیونکر لائیں؟ اور بغیر منادی کرنے والے کی کیونکر سُنیں۔''

# جولائی 24

''اپنی جہالت کے مطابق کسی کے خواب کی وسعت کا اندازہ لگانا خطرناک ہے۔''

مَیں اِس بات سے پریشان ہوتا ہوں کہ ہماری سوچ کسی بھی مضمون پر ہمارے موجودہ عِلم پر مبنی ہے۔ یہ ہو ہی نہیں سکتا کہ ہم ہر چیز کے بارے میں سب کچھ جانیں۔ جب ہم دوسرے لوگوں کے خوابوں ، ترقی، کامیابیوں ، صلاحیتوں ، حکمت ، کام یا اُس کی قدروقیمت پرسوال اُٹھاتے ہیں تو ہم یہ سب کچھ ایک محدودنظریے سے کرتے ہیں۔ جب تک ہم سب کچھ نہیں جانتے تب تک ہم سیکھنے کے اُمیدوار رہتے ہیں اور اکثر ہم یہ سیکھتے ہیں کہ جیسا ہم نے سوچا تھا وہ ٹھیک نہیں تھا۔ یہ ایک وجہ ہے کہ پہلا تاثر گمراہ کرسکتا ہے۔مَیں اکثر کہتا ہوں کہ یہ جاننے کے لئے کہ کوئی سچا دوست ہے کہ نہیں، کم سے کم ہمیں اِتنا ٹھہرنا چاہیے کہ اُس کا اثر لے سکیں، اُس سے مایوس ہوسکیں اور پھر کچھ اَور وقت لیں اور پھر یہ فیصلہ کریں کہ آپ نے سچا دوست پایا ہے یا نہیں۔کسی پرنکتہ چینی کرنے میں جلدی نہ کریں۔

آج کی دعا: پیارے خداوند! مجھے معاف کر جہاں پرمَیں نے دوسروں پرنکتہ چینی کی اور اپنی سمجھ کی وجہ سے اُن کو روکا ہے۔ مجھے فضل بخش کہ مَیں صبر سے چلوں اور روح القدس کو اجازت دوں کہ مجھ پر آسمان کے نظریے کو ظاہر کرے۔

آج کی آیات:

یوحنا 24:7

'' ظاہر کے موافق فیصلہ نہ کرو بلکہ انصاف سے فیصلہ کرو۔''

لوقا 37:6

'' عیب جوئی نہ کرو۔تمہاری بھی عیب جوئی نہ کی جائے گی۔ مجرم نہ ٹھہراؤ۔تم بھی مجرم نہ ٹھہرائے جاؤ گے۔ خلاصی دو۔تم بھی خلاصی پاؤ گے۔''

متی 7:1-2

'' عیب جوئی نہ کرو کہ تمہاری بھی عیب جوئی نہ کی جائے۔ کیونکہ جس طرح تم عیب جوئی کرتے ہو اُسی طرح تمہاری بھی عیب جوئی کی جائے گی اور جس پیمانہ سے تم ناپتے ہو اُسی سے تمہارے واسطے ناپا جائے گا۔''

# جولائی 25

''دُعا میں وعدے لے کر جائیں نہ کہ مسائل۔''

خدا کو یہ بتانے کے بجائے کہ آپ کا مسئلہ کتنا بڑا ہے اپنے مسئلے کو یہ بتائیں کہ آپ کا خدا کتنا بڑا ہے۔ بہت سے لوگوں کے لئے دعا کا وقت شکایات کے وقت کے برابر ہوتا ہے۔ وہ ہمیشہ دُعا میں زندگی کے خلاف ناراضی، رشتوں میں مسائل اور تنخواہ میں کمی کی فہرست لے کر جاتے ہیں۔ وہ اپنا وقت خدا کو اپنے مسائل بتانے میں خرچ کرتے ہیں بجائے اِس کے کہ کلام کو لے کر دُعا میں ایمان پر کھڑے ہوں۔

گنتی کی کتاب کا بارھواں، تیرھواں اور چودھواں باب اُس واقعے کا بیان کرتے ہیں جس میں سب نے ایک ہی چیز دیکھی لیکن اپنے اپنے انداز میں۔ دس نے صرف اپنی مشکل کے بارے میں بات کی جب کہ دو یعنی یشوع اور کالب نے وعدوں کا بیان کیا۔ آخر میں خدا نے کہا کہ اُس نے سب کو سُنا ہے کہ وہ اپنی زندگی کو کیا سمجھتے ہیں۔ آپ کیا دیکھتے ہیں؟ وعدے یا مسائل؟

آج کی دعا: باپ! مَیں اُن کی طرح نہیں بننا چاہتا جو بُڑبُڑاتے اور اپنے بیابان کے تجربے میں شکایت کرتے ہیں۔ وہ تیرے وعدہ کئے ہوئے اطمینان میں کبھی داخل نہ ہوں گے۔ بلکہ خداوند مجھے یاد دِلا کہ مَیں اِیمان اور اعتماد میں دُعا کروں تا کہ تیرے وعدے میری زندگی میں پورے ہوں۔

آج کی آیات:

گنتی 28:14

'' سو تم اُن سے کہہ دو خداوند کہتا ہے مجھے اپنی حیات کی قسم ہے کہ جیسا تم نے میرے سنتے کہا ہے مَیں تم سے ضرور ویسا ہی کروں گا۔''

1- کرنتھیوں 10:10

'' اور تم بُڑبُڑاوٴ نہیں جس طرح اُن میں سے بعض بُڑبُڑائے اور ہلاک کرنے والے سے ہلاک ہوئے۔''

گنتی 1:11

'' پھر وہ لوگ کُڑکُڑانے اور خداوند کے سُنتے بُرا کہنے لگے۔ چنانچہ خداوند نے سُنا اور اُس کا غضب بھڑکا اور خداوند کی آگ اُن کے درمیان جل اُٹھی اور لشکر گاہ کو ایک کنارہ سے بھسم کرنے لگی۔''

# جولائی 26

’’مطلب الفاظ میں نہیں، لوگوں میں چھپے ہوتے ہیں۔اِصطلاحات کو سچائی کے آڑے نہ آنے دیں۔‘‘

الفاظ بات چیت کا نادرست اور اُدھورا ذریعہ ہیں۔ اگر مَیں یہ کہوں کہ ہرا رنگ تو اِس سے یہ فیصلہ نہیں ہوسکتا کہ مَیں کس رنگ کو بتانے کی کوشش کر رہا ہوں۔ آپ کے ذہن میں گھاس کا ہرا رنگ آئے گا یا طوطے کا ہرا رنگ۔ کون جان سکتا ہے کہ مَیں کس ہرے رنگ کی بات کر رہا ہوں یا پھر کوئی تیسری قسم کا ہرا رنگ بھی ہوسکتا ہے جس کے بارے میں آپ شاید نہیں سوچ رہے؟ یہ سمجھنا کہ لوگوں کا کیا مطلب ہے، اِس کا تعلق اُن کو محض سننے سے زیادہ سے ہے۔ کئی بار لوگ کہتے ہیں ’’مَیں تم سے پیار کرتا ہوں‘‘ یا ’’مَیں تم سے نفرت کرتا ہوں‘‘ جب کہ اُن کا یہ مطلب نہیں ہوتا کیونکہ مطلب الفاظ میں نہیں لوگوں میں چھپے ہوتے ہیں۔ لفظوں کو سمجھنے کے لئے ہمیں اُس شخص کو سمجھنا پڑے گا ۔ اِس لئے یسوع کے ذریعے خدا کے ساتھ تعلق ہونا ضروری ہے تاکہ ہم روح القدس کی رفاقت کے ذریعے اُس کو اور اُس کے کلام کو جان سکیں۔

آج کی دعا: باپ! مَیں تجھے کلام میں اور روح میں جاننا چاہتا ہوں۔ خود کو مجھ پر ظاہر کر اور مجھے نہ صرف لفظوں کی بلکہ اپنے اِرادے کی سمجھ بخش۔

آج کی آیات:

2- کرنتھیوں 6:3

’’جس نے ہم کو نئے عہد کے خادم ہونے کے لائق بھی کیا۔ لفظوں کے خادم نہیں بلکہ روح کے کیونکہ لفظ مار ڈالتے ہیں اور روح زندہ کرتی ہے۔‘‘

اِفسیوں 17:5

’’اِس سبب سے نادان نہ بنو بلکہ خداوند کی مرضی کو سمجھو کہ کیا ہے۔‘‘

فلپیوں 10:3

’’اور مَیں اُس کو اور اُس کے جی اٹھنے کی قدرت کو اور اُس کے ساتھ دکھوں میں شریک ہونے کو معلوم کروں اور اُس کی موت سے مشابہت پیدا کروں۔‘‘

# جولائی 27

'' ہم اِس بات سے متاثرنہیں ہوتے کہ ہمارے بچے کے اُستاد کو کتنا آتا ہے بلکہ اِس بات سے ہوتے ہیں کہ ہمارے بچے کو کتنا آتا ہے۔''

پہلی کلاس کے اساتذہ بے وقوف نہیں ہوتے۔ ایسی بات نہیں کہ کلاس کے اساتذہ کو جدید ریاضی نہیں آتی بلکہ وہ یہ سمجھتے ہیں کہ پہلی کلاس کے بچوں کو مشکل اور جدید ریاضی پڑھانا ٹھیک نہیں۔ ہم اُمید کرتے ہیں کہ اساتذہ کو ہمارے بچوں سے زیادہ آتا ہے، لیکن ہم یہ بھی اُمید نہیں کرتے کہ جب ہمارا بچہ کلاس کو چھوڑے تو اُس کے پاس صرف یہ علم ہو کہ اُس کے استاد کو بہت کچھ آتا ہے۔ ہم توقع کرتے ہیں کہ ہمارے بچے اِس سے زیادہ سیکھیں۔۔۔ خدا بھی یہی چاہتا ہے۔ خدا توقع کرتا ہے کہ اُستاد اور پادری اُس کے نئے فرزندوں سے زیادہ جانتے ہوں۔ اِسی طور سے خدا بھی اِس بات پر خوش نہیں ہوتا جب اُس کے بچے کسی خادم یا سنڈے سکول کے کسی اُستاد کو بہت علم والا سمجھتے ہیں اور وہ عمل سے زیادہ صرف علم رکھتے ہیں۔ آج سوچیئے کہ دوسرے آپ سے کیا سیکھ رہے ہیں۔ کیا یہ اُن کی ضرورت ہے یا آپ کی ضرورت ہے؟
آج کی دعا: پیارے خداوند! مَیں زندگیاں تبدیل کرنے والا بننا چاہتا ہوں تاکہ مَیں اپنے سامعین کی زندگیوں میں اپنی عزت کو نہیں بلکہ تیری بادشاہت قائم کروں۔ اے خداوند! مجھے حکمت دے کہ تیرے کلام کو اِس طرح سناؤں کہ دوسرے اِس کو سمجھ کر آگے بڑھ سکیں۔ آمین۔

آج کی آیات:

1- کرنتھیوں 19:14

'' کلیسیا میں بیگانہ زبان میں دس ہزار باتیں کہنے سے مجھے یہ زیادہ پسند ہے کہ اَوروں کی تعلیم کے لئے پانچ ہی باتیں عقل سے کہوں۔''

1- پطرس 2:2

'' نوزاد بچوں کی مانند خالص روحانی دودھ کے مشتاق رہو تاکہ اُس کے ذریعے سے نجات حاصل کرنے کے لئے بڑھتے جاؤ۔''

1- کرنتھیوں 22:9

'' کمزوروں کے لئے کمزور بنا تاکہ کمزوروں کو کھینچ لاؤں۔ مَیں سب آدمیوں کے لئے سب کچھ بنا ہوا ہوں تاکہ کسی طرح سے بعض کو بچاؤں۔''

# جولائی 28

''نشانات ایمان داروں کے لئے ہیں ۔''

ہم اِس طرح کے نشانات اکثر لگاتے ہیں جیسے'' گھاس پر پاؤں نہ رکھو'' ، ''یہاں داخل نہ ہو'' یا '' خطرہ'' تاکہ اُن لوگوں کو بتا سکیں جو نہیں جانتے ۔ نشانات لوگوں کو یہ بات بھی یاد دلاتے ہیں کہ اُن کو کیا کرنا ہے اور کیا نہیں کرنا۔ جب پولس نے کرنتھس کی کلیسیا کو یہ بتایا کہ غیر زبانیں اُن کے لئے نہیں بلکہ غیر نجات یافتہ لوگوں کے لئے نشان ہیں تو وہ اُس وقت کے ایمان داروں کی حوصلہ افزائی کر رہا تھا کہ روح القدس سے معمور ہونے کو شرمندگی نہ سمجھیں، نہ ہی ہمیں سمجھنی چاہیئے۔

بہت سی تبدیلیاں ہیں جو ہماری زندگی میں نجات پانے کے بعد آنی چاہئیں اور پھر ہم خدا کے کلام کی زندہ مثالیں بنیں گے۔ یہ تبدیلیاں ہمیں دوسروں سے جو یسوع کو نہیں جانتے اُن سے علٰیحدہ کر دیتی ہیں اور اُن سے بھی جو اُس کو جانتے ہیں۔لیکن اُن کو اپنے رشتے کے عہد کو یاد رکھنے کی ضرورت ہے۔ غیر نجات یافتہ آپ کی زندگی سے تب متاثر ہوں گے جب آپ یسوع کے لئے جئیں گے اور اُس کی کھوئی اور دکھی دنیا کے لئے نمک اور روشنی بنیں گے۔

آج کی دعا: آسمانی باپ! مَیں انجیل کی خوش خبری اور تیری گواہی دینے سے شرماتا نہیں۔ میری زندگی تبدیل کرنے کے لئے شکریہ اور میری مدد کر کہ مَیں تیرے کلام کا گواہ ٹھہروں۔

آج کی آیات:

1- کرنتھیوں 22:14

'' پس بیگانہ زبان اِیمان داروں کے لئے نہیں بلکہ بے اِیمانوں کے لئے نشان ہے اور نبوت بے اِیمانوں کے لئے نہیں بلکہ اِیمان داروں کے لئے نشان ہے۔''

رومیوں 16:1

'' کیونکہ مَیں انجیل سے شرماتا نہیں۔ اِس لئے کہ وہ ہر ایک اِیمان لانے والے کے واسطے پہلے یہودی پھر یونانی کے واسطے نجات کے لئے خدا کی قدرت ہے۔''

متی 13:5

'' تم زمین کے نمک ہو لیکن اگر نمک کا مزہ جاتا رہے تو وہ کس چیز سے نمکین کیا جائے گا؟ پھر وہ کسی کام کا نہیں سوا اِس کے کہ باہر پھینکا جائے اور آدمیوں کے پاؤں کے نیچے رَوندا جائے۔''

# جولائی 29

''ہر وہ شخص جو آپ سے متفق ہوتا ہے، آپ کا دوست نہیں۔''

بہت سے جرائم ایک سے زیادہ لوگ کرتے ہیں جو اپنے اعمال پر آپس میں رضا مند ہوتے ہیں۔ شاید ہی لوگ یہ سوچیں کہ وہ پکڑے جائیں گے اور جیل میں رہ کر سزا کاٹیں گے۔ جب کہ تمام مُلکوں میں جیلیں ایسے مردوں اور عورتوں سے بھری پڑی ہیں جو یہ سوچتے تھے کہ اُن کے پاس ایک اچھا نظریہ ہے اور بہتوں کے پاس کچھ ایسے لوگ بھی تھے جو اُن سے متفق تھے اور یہاں تک کہ جرائم میں اُن کی مدد بھی کر گئے۔ صرف اِس لئے کہ آپ کے ساتھ کوئی متفق ہو جائے، اِس کا ہرگز یہ مطلب نہیں کہ آپ ٹھیک ہیں یا وہ آپ کے دوست ہیں۔ دوست اپنے دوستوں کو ایسی غلطی نہیں کرنے دیتے۔ سچائی ہاتھوں کے دکھاوے سے ظاہر نہیں ہوتی۔ اِس جھوٹی حمایت کو قبول نہ کریں جو صرف اُن لوگوں کی وجہ سے آتی ہے جو آپ سے متفق ہیں۔ دین دارانہ مشورت کے طالب ہوں اور اپنی فکروں کو خدا کے کلام تک لے کر جائیں۔

آج کی دعا: پیارے خداوند! مجھے ایسے سچے دوست بخش جو ضرورت کے وقت میری زندگی میں تیرا کلام بو دیں۔ میری مدد کر کہ مَیں ایسا دوست بنوں جو غلط بات سے متفق نہ ہو بلکہ ایمان داری اور ذمہ داری کا ثبوت دینے والا ہو۔

آج کی آیات:

اَمثال 6:27

''جو زخم دوست کے ہاتھ سے لگیں پُر وفا ہیں، لیکن دشمن کے بوسے بااِفراط ہیں۔''

رومیوں 4:3

''ہرگز نہیں۔ بلکہ خدا سچا ٹھہرے اور ہر ایک آدمی جھوٹا۔ چنانچہ لکھا ہے کہ تُو اپنی باتوں میں راست باز ٹھہرے اور اپنے مقدمہ میں فتح پائے۔''

اَمثال 12:14

''ایسی راہ بھی ہے جو انسان کو سیدھی معلوم ہوتی ہے پر اُس کی انتہا میں موت کی راہیں ہیں۔''

# جولائی 30

''اِتنی بڑی کوئی مشکل نہیں کہ آپ اُس میں جی نہ سکیں، اُس میں قائم نہ رہ سکیں یا اُس کو دُور نہ کر سکیں۔ ''

اِتنی بڑی کوئی مشکل نہیں کہ آپ اُس میں جی نہ سکیں، اُس میں قائم نہ رہ سکیں یا اُس کو دُور نہ کر سکیں۔ جب آپ ٹھیک رستے پر ہوں تو پھر ہی آپ اپنی منزل تک پہنچ سکتے ہیں۔ بُرے فیصلے، غلط فیصلے اور بڑی غلطیاں مسئلہ نہیں بلکہ مرحلے کا حصہ ہیں۔ آپ کی زندگی کی کہانی ابھی پورے طور سے لکھی نہیں گئی اور ہمارے پاس ہر روز یہ موقع ہوتا ہے کہ ہم ایک نئے باب کا آغاز کریں۔۔۔ یہ صرف ایک فیصلہ ہے۔

مَیں آپ کو ابھی اِسی وقت چیلنج دیتا ہوں کہ آپ ایک نئے دن کی طرف جا رہے ہیں۔ اپنے ماضی کو اپنی ناکامیوں اور کامیابیوں کے ساتھ پیچھے چھوڑ دیں۔ خدا سے کہیں کہ آپ کو مستقبل کے لئے ایک تازہ رُویا دے اور اپنی منزل کی طرف قدم بڑھانا شروع کریں۔

آج کی دعا: پیارے آسمانی باپ! مجھے ٹھیک رستہ دکھا اور مستقبل کے لئے ایک تازہ رُویا بخش۔ مجھے جہاں مَیں ہوں وہاں سے لے کر میرے عظیم دن تک لے جا تاکہ مَیں تیری مرضی کو حاصل کرسکوں۔ مَیں کل کو چھوڑ کر تیری مرضی میں اگلا قدم بڑھانا چاہتا ہوں۔

آج کی آیات:

یرمیاہ 11:29

'' کیونکہ مَیں تمہارے حق میں اپنے خیالات کو جانتا ہوں خداوند یوں فرماتا ہے یعنی سلامتی کے خیالات۔ برائی کے نہیں تاکہ مَیں تم کو نیک انجام کی اُمید بخشوں۔''

یشوع 15:24

'' اور اگر خداوند کی پرستش تم کو بُری معلوم ہوتی ہو تو آج ہی تم اُسے جس کی پرستش کرو گے چن لو۔ خواہ وہ وہی دیوتا ہوں جن کی پرستش تمہارے باپ دادا بڑے دریا کے اُس پار کرتے تھے یا اموریوں کے دیوتا ہوں جن کے ملک میں تم بسے ہو۔ اب رہی میرے اور میرے گھرانے کی بات سو ہم تو خداوند کی پرستش کریں گے۔''

فلپیوں 14:3

''مَیں نشان کی طرف دوڑا ہوا جاتا ہوں تاکہ اُس انعام کو حاصل کروں جس کے لئے خدا نے مجھے مسیح یسوع میں اُوپر بلایا ہے۔''

# جولائی 31

''ہوسکتا ہے کہ آپ کی کامیابی اِس چیز کا نتیجہ ہو کہ آپ مشکل وقت میں کھڑے رہ سکتے ہیں یا نہیں۔''

زندگی ایک عمل اور غیر متوقع شرائط کے ساتھ ایک سفر ہے اور زندگی میں کامیابی ایک قدم سے زیادہ کا عمل ہے۔ بائبل کے کردار آج ہمارے اِیمان کے ہیرو اِس لئے ہیں کیونکہ اُنہوں نے مایوسی کو اپنے اُوپر غالب نہ آنے دیا۔ داوٗد نے تخت تک پہنچنے کے لئے بہت مشکلات کا بار بار سامنا کیا۔ یوسف نے بھی باپ کے گھر سے محل تک کا سفر بہت مشکل سے کیا۔ زندگی اِسی کا نام ہے۔

داوٗد کہتا ہے کہ اگر صادق سات بار بھی گر جائے تو وہ اُٹھ کھڑا ہوتا ہے۔ صادق کی مصیبتیں تو بہت سی ہیں لیکن خداوند اُس کو اُن سب سے چھڑا لیتا ہے۔ یہ حوالے خدا کی مرضی میں اِیمان پر قائم رہنے کو تقویت بخشتے ہیں۔ زندگی ایک عمل ہے جو کہ ایک قدم کے عمل سے زیادہ ہے اور ہوسکتا ہے کہ آپ کی کامیابی اِس چیز کا نتیجہ ہو کہ آپ مشکل وقت میں قائم رہ سکتے ہیں یا نہیں۔

آج کی دعا: باپ! مَیں فیصلہ کرتا ہوں کہ مَیں تیرا کام کروں گا اور مایوسی اور مشکلات سے تھکوں گا نہیں۔ مجھے قوت بخش کہ مَیں قیمت کی پروا کئے بغیر تیری مرضی حاصل کرنے کے لئے کھڑا رہ سکوں۔

آج کی آیات:

پیدائش 7:45

''اور خدا نے مجھ کو تمہارے آگے بھیجا تا کہ تمہارا بقیہ زمین پر سلامت رکھے اور تم کو بڑی رہائی کے وسیلہ سے زندہ رکھے۔''

اَمثال 10:24

''اگر تُو مصیبت کے دن بے دل ہو جائے تو تیری طاقت بہت کم ہے۔''

اَمثال 16:24

''کیونکہ صادق سات بار گرتا ہے اور پھر اُٹھ کھڑا ہوتا ہے، لیکن شریر بلا میں گر کر پڑا ہی رہتا ہے۔''